# News of the Sports

August 01 , 2018

نوائے وقت


## پی او اے ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس 'ایشین گیمز میں شرکت کیلئے سپورٹس بورڈ کو خط

Aug 01, 2018



لاہور ( سپورٹس رپورٹر ) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس میں اہم معاملات کی منظوری کیساتھ ساتھ، جونیئر ورلڈ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے نوح دستگیر بٹ کو ایک لاکھ روپے نقد انعام بھی دیا گیا۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کا اجلاس لاہور میں ہوا جس کی صدارت پی او اے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سید عارف حسن نے کی۔ ہاوس کو بتایا گیا کہ ایشین گیمز 2018ء میں پاکستان کا 245 رکنی دستہ شرکت کرے گا جس کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کیلئے پاکستان سپورٹس بورڈ کو خط لکھ دیا گیا ہے۔ پاکستان جوڈو فیڈریشن کا معاملہ کلیئر نہ ہونے کی بنا پر فیصلہ کیا گیا ہے کہ دو جوڈو کھلاڑی جس میں شاہ حسین شاہ اور قیصر حسین این او سی پرچم تلے پاکستان کی نمائندگی کرینگے۔ اس موقع پر فاٹا اولمپک ایسوسی ایشن کو خیبرپی کے اولمپک ایسوسی ایشن میں انضمام اور اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے الیکشن معاملہ متعلقہ آئینی اور الیکشن کمشن کے سپرد کر دیا گیا۔ 33 ویں نیشنل گیمز، نیشنل بیچ گیمز، پانچویں بین الاصوبائی گیمز اور پہلی نیشنل یوتھ گیمز کے انعقاد کے معاملے کو بھی زیر بحث لایا گیا جس میں نیشنل گیمز کے انعقاد کیلئے بلوچستان میں نئے الیکشن کے بعد بننے والی نئی حکومت کیساتھ بلوچستان اولمپک کمیٹی اور بلوچستان حکومت کے ساتھ ملکر گیمز کے انعقاد کو فائنل کیا جائیگا جبکہ نوجوان کھلاڑیوں کو کھیل کے مواقع فراہم کرنے کیلئے نیشنل یوتھ گیمز کو پی او اے سالانہ کیلنڈر میں شامل کیا جائیگا۔ اجلاس میں ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان کو پی او اے کی نیشنل اولمپک اکیڈمی اور مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے قیام کے تجاویز مانگی گئیں۔ صوبائی سپورٹس ایسوسی ایشنز کے نیشنل سپورٹس فیڈریشنز اور صوبائی اولمپک ایسوسی ایشن کے درمیان اختلافات کو قوانین کے مطابق حل کرنے پر زور دیا گیا۔



روزنامہ میٹرو واچ

# POA ایگزیکٹو کمیٹی بیٹھک

# اسلام آباد باڈی کے انتخابات پر غور

# نیشنل اولمپک اکیڈمی کے قیام کا فیصلہ

**پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس، پی او اے کی نیشنل اولمپک اکیڈمی قائم کرنے اور پی او اے کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کو فعال کرنے کا فیصلہ، اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے انتخابات کا معاملہ پی او اے کی کمیٹی کو بھجوانے کی منظوری دیدی**

**اجلاس میں ایشین گیمز سمیت عالمی ایونٹس میں پاکستانی دستوں کی شمولیت اور تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں صوبائی اور نیشنل سپورٹس فیڈریشنز کے معاملات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا، پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کی متوازی تنظیموں کی جانب سے لڑائی کی وجہ سے کھیل کے نقصان کا خدشہ**

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کونسل کا اجلاس، پی او اے کی نیشنل اولمپک اکیڈمی قائم کرنے اور پی او اے کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کو فعال کرنے کا فیصلہ، اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے انتخابات کا معاملہ پی او اے کی کمیٹی کو بھجوانے کی منظوری دی۔ اجلاس میں ایشین گیمز سمیت عالمی ایونٹس میں پاکستانی دستوں کی شمولیت اور تیاریوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں صوبائی اور نیشنل سپورٹس فیڈریشنز کے معاملات پر بھی تفصیلی غور کیا گیا، پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کی متوازی تنظیموں کی جانب سے لڑائی کی وجہ سے کھیل کے نقصان کا خدشہ، تنظیم کے دوبارہ الیکشن کے انعقاد پر غور، اجلاس میں پاکستان میں کھیلوں کیلئے بہترین خدمات کیلئے مختلف کوچز کو اعترافی ایوارڈ بھی دیے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس صدر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن جنرل عارف حسن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کو فعال کرنے اور نئی مارکیٹنگ ٹیم بنانے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان میں مختلف کھلاڑیوں کی بہتر تربیت کیلئے نیشنل اولمپک اکیڈمی قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں ارکان نے پاکستانی دستوں کی انٹرنیشنل ایونٹس میں شمولیت کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا۔ ایشین گیمز میں پاکستانی دستے کی تیاریوں اور کھلاڑیوں کے اخراجات کے حوالے سے مفصل رپورٹ پیش کی گئی۔ تیسری سرمائی گیمز کے حوالے سے بھی پاکستانی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ان تمام ایونٹس میں پاکستانی شرکت کی منظوری دی گئی اور پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کو اختیار دیا گیا کہ وہ اس حوالے سے تمام ضروری اقدامات کرے۔ کمیٹی نے اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے انتخابات اور فاٹا اولمپک ایسوسی ایشن کی کے پی کے اولمپک ایسوسی ایشن میں شمولیت کے معاملات کو پی او اے کی کمیٹی کو بھجوا دیا۔



روزنامہ میٹرو واچ

نوائے وقت

# ایشین گیمز میں 245 رکنی قومی دستہ شرکت کریگا: پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن

Aug 01, 2018

لاہور ( سپورٹس رپورٹر+نمائندہ سپورٹس ) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ ایشین گیمز میں 245 رکنی قومی دستہ ہی شرکت کرے گا۔ نگران وفاقی حکومت کی جانب سے کھیلوں کی تنظیموں کی گرانٹ روکے جانے سے پاکستان بھر کی سپورٹس فیڈریشنز شدید بحرانی صورتحال سے دوچار ہیں۔ لاہور میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے اجلاس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ ایشین گیمز میں پاکستان کا 245 رکنی دستہ شرکت کریگا اور پی ایس بی نے تمام انتظامات مکمل کرنے یقین دہانی کرا دی ہے۔ اضافی فنڈز کی کٹوتی فیڈریشنز کی گرانٹ سے نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں نیشنل گیمز کا انعقاد بلوچستان حکومت کے رضامندی پر چھوڑ دیا گیا ہے جبکہ اگلے برس سے نیشنل یوتھ گیمز کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں جوڈو کے تین کھلاڑیوں کو ایشین گیمز میں شرکت کا اہل قرار دے دیا۔



# پہلوان انعام بٹ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن اتھلیٹ کمشن کے چیئرمین مقرر

Aug 01, 2018

لاہور ( سپورٹس رپورٹر+نمائندہ سپورٹس ) کامن ویلتھ گیمز 2018ء میں پاکستان کے لیے ریسلنگ میں واحد گولڈ میڈل حاصل کرنے والے پہلوان انعام بٹ کو پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے اتھلیٹ کمشن کا چیئرمین بنا دیا گیا ہے اس سلسلہ میں گذشتہ روز لاہور کے مقامی ہوٹل میں پی او اے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سید عارف حسن کی زیر صدارت منعقد ہونے والے ایگزیکٹو کونسل اجلاس میں اتھلیٹ کمشن کے سابق چیئرمین واجد علی کی جگہ نوجوان پہلوان محمد انعام بٹ کو پی او اے اتھلیٹ کمشن کا چیئرمین مقرر کرنے کی منظوری دی گئی جن کا نام انٹرنیشنل اولمپک کمیٹی کو بھجوا دیا گیا ہے۔

# ایشین گیمز میں پاکستان کا 245 رکنی دستہ شرکت کرے گا: عارف حسن

## پاکستان سپورٹس بورڈ نے دستے کے تمام تر انتظامات کرنے کی یقین دہانی کرادی: صدر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر سید عارف حسن نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ایشین گیمز میں پاکستان کا 245 رکنی دستہ شرکت کریگا جبکہ جوڈو کی تین رکنی ٹیم پی او اے کا جھنڈے لے کر شرکت کرے گی اور وہ اس کا خرچہ برداشت کریں گے۔ گزشتہ روز پی او اے کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس ہوا جس مین نیشنل جونیئر گیمز، اور نیشنل گیمز بارے بھی فیصلے کئے گئے۔ اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے پی او اے کے صدر سید عارف حسن نے بتایا کہ انہیں پاکستان سپورٹس بورڈ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ایشین گیمز میں پاکستان کا 245 رکنی دستہ ہی شرکت کرے گا اور وہ اس کے تمام تر انتظامات کریں گے۔ پی او اے کے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) عارف حسن نے شرکاء کو بتایا کہ پی ایس بی نے ہمیں دستے کے تمام انتظامات کرنے کی یقین دہانی کرادی ہے۔ انہوں نے یہ بھی یقین دہانی کرائی ہے کہ گیمز میں ہونے والے اضافی اخراجات کے لئے حکومت کسی فیڈریشن کے آئندہ سال کے فنڈز سے کٹوتی بھی نہیں کرے گی۔ جودو فیڈریشن کی قانونی پیچدگی کے پیش نظر اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جوڈو کی تین رکنی ٹیم پی او اے کے خرچے پر ان ہی کے پرچم تلے گیمز میں شرکت کرے گی۔ نیشنل گیمز کا انعقاد بلوچستان حکومت کی رضامندی پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ سید عارف حسن نے بتایا کہ اب بلوچستان مین نئی حکومت بن رہی ہے لہذا اس کی تشکیل کے بعد حکومت سے پی او اے کا وفد ملاقات کرے گا اور ان سے پوچھے گا کہ وہ نیشنل گیمز کرا سکتے ہیں یا نہیں۔ اگر انہوں نے مثبت جواب دیا تو ان کی مدد بھی کریں گے ورنہ پھر نیشنل گیمز وہاں سے کہیں دوسرے صوبہ میں منتقل کر دیں گے۔ اجلاس میں آئندہ برس نیشنل یوتھ گیمز کرانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ سید عارف حسن نے بتایا کہ وہ یوتھ گیمز کی سیریز کرانا چاہتے ہیں جس میں انٹر ڈویشن کے بعد انٹر پروینشیل اور نیشنل گیمز ہوں گی۔ اس کے لئے وہ سپانسرز سے بھی بات کر رہے ہیں۔

روزنامہ ایکسپریس

## ایشین گیمز کیلیے 245 رکنی قومی دستے کی منظوری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن نے ایشین گیمز کیلیے 245 رکنی دستے کی شرکت کی منظوری دیدی ہے، اضافی فنڈز کی کٹوتی فیڈریشنز کی گرانٹ سے نہیں کی جائیگی، صدر پی او اے عارف حسن نے آئندہ برس سے نیشنل یوتھ گیمز کے انعقاد کا اعلان کیا جبکہ نیشنل گیمز کے انعقاد کو بلوچستان حکومت کی رضامندی پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس لاہور میں ہوا، صدر عارف حسن کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ایشین گیمز میں 245 رکنی دستہ ہی شرکت کریگا، پی ایس بی نے تمام انتظامات مکمل کرنے یقین دہانی کرادی ہے، اضافی فنڈز کی کٹوتی فیڈریشنز کی گرانٹ سے نہیں کی جائیگی، علاوہ ازیں نیشنل گیمز کا انعقاد بلوچستان حکومت کی رضامندی پر چھوڑ دیا گیا، آئندہ برس نیشنل یوتھ گیمز کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جونیئر ورلڈ ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈلسٹ نوح دستگیر بٹ کو ایک لاکھ کا کیش پرائز دیا گیا، پاکستان جوڈو فیڈریشن کا پی او اے کے ساتھ تنازع چل رہا ہے، کھلاڑیوں میں دو مرد اور ایک خاتون شامل ہیں تاہم جوڈو کے تین کھلاڑیوں کو پی او اے کے فلیگ پر ایشین گیمز میں شرکت کا اہل قرار دیدیا گیا، عارف حسن نے کہا کہ ہم کھلاڑیوں کا نقصان نہیں چاہتے، تمام اخراجات پی او اے برداشت کریگی۔ پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے دوبارہ انتخابات کیلیے انٹرنیشنل سائیکلنگ سے رابطہ کیا جائے گا، بارہا کوشش کے باوجود مصالحت کا عمل مکمل نہیں ہو سکا، نئے ایتھلیٹ کمیشن کے چیئرمین کامن ویلتھ گیمز کے گولڈ میڈلسٹ انعام بٹ ہوں گے۔

روزنامہ ایکسپریس

## ایشین گیمز: کراٹے کوچ کو قومی پلیئرز سے بہتر امیدیں

### کیمپ میں بھرپور ٹریننگ جاری، میگا ایونٹ میں عمدہ کارکردگی کی توقع ہے، شاہ محمد

اسلام آباد (اسپورٹس رپورٹر) واپڈا سے تعلق رکھنے والے قومی کوچ شاہ محمد نے کہا ہے کہ قومی کراٹے ٹیم ایشین گیمز میں توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کرے گی۔ ایشین گیمز کی تیاری کے سلسلہ میں قومی ٹیم کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں جاری ہے جس میں ملک بھر سے 15 کھلاڑی بھرپور محنت کر رہے ہیں جن میں 8 مرد اور 7 خواتین کھلاڑی شامل ہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مرد کھلاڑیوں میں محمد کاشف، سعدی عباس، باز محمد، نصیر احمد، علی محمود، ظفر اقبال، وحید احمد اور عجب خان شامل ہیں ان کھلاڑیوں پاکستان واپڈا کے قومی کوچ عبدالرازق تربیت دے رہے ہیں، خواتین کھلاڑیوں میں کلثوم، بینش اکبر، قراۃ العین، نرگس، ثناء کوثر، لائبہ ضیاء اور فخر النساء شامل ہیں۔ خواتین کھلاڑیوں کو کوچ شاہ محمد شان جدید تربیت دے رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ ہمارے کھلاڑیوں کی انٹرنیشنل سطح پر کارکردگی بہتر رہی ہے، کھلاڑی تربیتی کیمپ میں بھرپور محنت کر رہے ہیں، ایشین گیمز میں بھی میڈلز حاصل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، امید ہے کہ سعدی عباس، نصیر احمد اور نرگس پاکستان کیلیے میڈلز جیتنے میں کامیاب رہیں گے۔

Daily Times
Your right to know — A new voice for a new Pakistan

POA executive committee meeting held

# Pakistan to participate in five international events in 2018, 2019



**LAHORE:** Pakistan will participate in five international events in 2018 and 2019: 18th Asian Games in Jakarta, Indonesia from August 18 to September 2, 2018, 3rd Summer Youth Olympic Games in Buenos Aires, Argentina from October 6 to 18, 1st Winter Children of Asia Games Sakhalin in Russia from February 8 – 17, 2019, 13th South Asian Games from March 9 -18, 2019 in Kathmandu, Nepal and 1st ANOC World Beach Games from October 10-15, 2019 in San Diego, California. The decision of participation was taken during an executive committee meeting of the Pakistan Olympic Association (POA), held under the chair of POA chief Lt Gen (r) Syed Arif Hasan, at a local hotel here on Tuesday. “The house approved participation of Pakistan in the aforementioned events and authorised the POA President to take necessary measures ensuring participation in these events in a befitting manner,” POA secretary general Muhammad Khalid Mahmood told Daily Times on Tuesday.

“Besides the Pakistan contingent of 245 athletes and officials already forwarded to the Pakistan Sports Board (PSB) for necessary arrangements, the committee also approved two judokas – Shah Hussain Shah and Qaiser Hussain – to represent Pakistan at 18th Asian Games 2018 under the umbrella of National Olympic Committee (NOC) Pakistan,” Khalid added.

To a question, Khalid said the POA executive committee was confident that, as committed in a meeting as well as during many telephonic conversations with the PSB Director General, the PSB would support and make arrangements for Pakistan contingent for participation in the mentioned events.

Khalid said a decision regarding elections of the Islamabad Olympic Association (IOA) and merger of the FATA Olympic Association into the Khyber Pakhtunkhwa Olympic Association had been referred to POA constitution & affiliation committee and election commission to take appropriate action as per constitution and rules. “Holding of 33rd National Games in Quetta, National Beach Games in Karachi, 5th Inter-Provincial Games and 1st National Youth Games in 2019 were also discussed and the house decided that after the formation of new Balochistan Government, a POA committee will visit Quetta for discussion and finalising the preparation with the respective Government.” He disclosed that in order to encourage youth and their involvement in national sports, the POA executive committee decided that chapter of ‘National Youth Games’ would be added in the calendar activities of the POA.

“As regards to Pakistan’s cycling affairs, the International Cycling Union (UCI) will be apprised that to save the sport of cycling in Pakistan, particularly since the Pakistan Cycling Federation has failed to resolve its provincial association disputes, fresh election of the PCF may be held as per constitution of the POA,” said Khalid. In the end, POA president Syed Arif awarded cash prize to Muhammad Nooh Dastagir Butt, gold medallist at Junior World Weightlifting Championship 2018 held in Tashkent, and wrestler Muhammad Inam, gold medallist at Gold Coast Commonwealth Games 2018.

INTERNATIONAL
THE NEWS e-PAPER
Editor-in-chief: Mir Shakil-ur-Rahman

# Judokas Hussain, Qaiser to represent Pakistan in Asiad

KARACHI: Japan-based Olympian Shah Hussain and emerging Qaiser Khan Afridi will represent Pakistan in judo competitions in the 18th Asian Games under the umbrella of Pakistan Olympic Association (POA).

It was decided at the POA’s Executive Committee meeting at Lahore on Tuesday. The POA’s secretary Khalid Mehmood told ‘The News’ on Tuesday that both the fighters would be formally informed about the decision on Wednesday (today). The cloud of uncertainty had been hovering over national judokas’ participation in the quadrennial event for the last few months due to legal issues between the POA and Pakistan Judo Federation (PJF). The POA does not recognise PJF over certain legal grounds despite the fact that the federation is being recognised by the International Judo Federation (IJF).

In 2014 Glasgow Commonwealth Games and 2014 Incheon Asian Games Shah Hussain represented Pakistan under the NOC banner.However later a softness in POA’s stance was seen after the NOC’s elections in early 2016 when it sent PJF’s squads to both the 2016 South Asian Games in India and 2016 Rio Olympics. But after PJF announced its elections in summer 2016 the POA’s attitude changed, once again taking stiff decisions against the internationally-recognised federation.

Meanwhile the matter of FATA Olympic Association’s merger in the Khyber Pakhtunkhwa Olympic Association has been referred by the POA’s ExCo to the NOC’s constitutional committee. “The matter of elections of Islamabad Olympic Association and merger of FATA Olympic Association in Khyber Pakhtunkhwa Olympic Association has been referred to the POA’s Constitution and Affiliation Committee and Election Commission to take appropriate action as per constitutions, rules and advice for the house,” the POA said in a press release.

FATA’s merger in the KP Olympic Association would make the latter a more huge association as the tribal belt has an abundance of talent in various sports disciplines.The POA said that panel of arbitrators and POA financial rules were provisionally approved and the house may send comments and nominate worthy panelists on or before August 15, 2018, that shall be considered by the president and final version will be notified by the POA Secretariat accordingly.

“Holding of the 33rd Quetta National Games, National Beach Games Karachi, 5th Inter-Provincial Games and 1st National Youth Games in 2019 were also discussed. The house decided that after the formation of new Balochistan government, Core Committee of POA will visit Quetta for discussion and finalizing the preparation with BOA and the respective government,” it added. “Moreover in order to encourage the youth and their involvement in national sports the house decided that chapter of “National Youth Games” shall be added in the calendar activities of POA,” it added.

The disputes of provincial associations, national federations and provincial Olympic associations were also discussed in depth. A committee comprising of Secretary General POA, Secretary of Provincial Olympic Association and concerned National Sports Federation (NFs) will be convened to resolve the issues on case to case basis in line with the direction of house and POA constitution, the POA conceded.

“As regards cycling affairs, International Cycling Union (UCI) will be apprised that to save the sports of cycling in Pakistan and particularly since the Pakistan Cycling Federation (PCF) has failed to resolve its provincial association disputes, fresh election of PCF may be held as per Constitution of POA, PCF and verified electoral college.

The country’s premier wrestler Mohammad Inam was added to the POA’s athletes commission. The house also approved Pakistan’s participation in the 18th Asian Games, 3rd Summer Youth Olympic Games, 1st Winter Children of Asia Games 2019, 13th South Asian Games 2019, Nepal and 1st ANOC World Beach Games 10-15 Oct, 2019.

The POA chief Lt Gen (retd) Arif Hasan also awarded cash prize to weightlifter Muhammad Nooh Dastagir Butt for winning gold in the Junior World Championships 2018 held in Tashkent recently

FOUNDED BY QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JINNAH
DAWN

# POA approves 245-strong contingent for Asian Games

By Our Sports Reporter

LAHORE: Pakistan will have a heavy contingent of 245 during the Aug 18-Sept 2 Asian Games in Indonesia, the POA president retired Lt Gen Arif Hasan confirmed on Tuesday.

Talking to reporters after chairing the executive committee meeting of the Pakistan Olympic Association at a local hotel, Arif said that while a section of the media mentioned that the Pakistan Sports Board (PSB) had trimmed the contingent to 140.

The POA chief said he was in contact with the PSB and there was no such move and the contingent of 245 would participate as per previous announcement.

He said entries of all 245 athletes and officials had been approved by the organising committee of the Asian gala and training camps were already in progress. Therefore, there is no room to cut down the size of the contingent because the country would face penalties.

The POA president admitted that uncertainty about the participation should not prevail as it badly affected the preparations of the athletes.

"How an athlete can prepare for a competition when he/she is not cleared about his/her participation in the competition. To end this ambiguity the POA is in constant contact with the PSB to ensure athletes and officials in the contingent take part in the Asian Games," Arif said.

Meanwhile, he said the meeting discussed the delay in hosting the 33rd National Games, which had been allocated to the Balochistan Olympic Association in 2012, but due to several reasons, the provincial association could not hold it.

"After the Asian Games end, a POA delegation will visit Quetta to get a final confirmation about hosting of the games," he said.

He said to safeguard the interest of judokas, the POA had allowed two players — Hussain Shah and Qaiser Hussain — to participate in the Asian Games under the umbrella of the POA since the Pakistan Judo Federation (PJF) was not affiliated with the POA.

The executive committee also approved Pakistan's participation in the third Summer Youth Olympic Games in Buenos Aires, the first Winter Children of Asia Games in Sakhalin, the 13th South Asian Games in Kathmandu, the first ANOC World Beach Games in San Diego.